## 2168 ـ وضوء میں گردن کا مسح کرنا مشروع نہیں

**سوال**

کیا وضوء میں گردن کا مسح کرنا جائز ہے، یا کہ کتاب اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت میں اس کا ذکر نہیں ملتا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں کہ گردن کا مسح کرنا وضوء کی سنتوں میں شامل ہے، چنانچہ گردن کا مسح کرنا مشروع نہیں.